# قواعد وضوابط

برائے

# سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ پارٹ سسٹم امتحان

-1 سیکرٹری تعلیمات / کنٹرولنگ اتھارٹی بورڈز (حکومت پنجاب) کے لیٹر نمبر 12-3/2014S.O(Boards) مورخہ 18-9-2015 و پنجاب کمیٹی آف چیئرمین کے اجلاس منعقدہ 24 دسمبر 2014 کی شق نمبر 13 کے تحت سیکنڈری سکول و ہائیر سیکنڈری سکول کی سطح پر پریکٹیکل کی گریڈنگ کو ختم کر کے دوبارہ پریکٹیکل کے نمبر بحال کر دیے۔ (جس کی تفصیل بورڈ کی جانب سے کیے گئے نوٹیفکیشن نمبر 2/2015 مورخہ 28-09-2015) پر موجود ہے۔ نیز حکومت پنجاب چیف منسٹرز مونیٹرنگ فورس سکول ایجوکیشن کی طرف سے سیکنڈری سکول کی سطح پر ڈینگی سے متعلق مختصر سوال نہم جماعت میں بیالوجی اور جنرل سائنس جبکہ جماعت دہم میں دہشت گردی سے متعلق مختصر سوال مطالعہ پاکستان کے پرچہ میں دیے جائیں گے۔ اسی طرح انٹرمیڈیٹ کی سطح پر دہشت گردی سے متعلق مختصر سوال جماعت گیارہویں میں اسلامیات لازمی جبکہ بارہویں جماعت کیلئے ڈینگی سے متعلق سوال مطالعہ پاکستان میں دیے جائیں گے۔ اس سکیم کا اطلاق اکیڈمک سیشن 2015-17 سے ہوگا۔ اس سکیم کے تحت نہم جماعت سالانہ امتحان 2016ء وماء بعد لیا جائے گا۔ جماعت نہم اور جماعت دہم کے امتحانات کے لیے مضامین / پرچہ جات اور نمبروں کی تقسیم درج ذیل ہوگی۔

Tanweer

# BOARD OF INTERMEDIATE & SECONDARY EDUCATION, LAHORE

## NOTIFICATION NO.05/2015

It is hereby notified for information of all concerned that Punjab Boards Committee of Chairmen in its meeting held on 24.12.2014 vide Item No. 13 has approved and Revived Scheme of Studies at Secondary School level from academic session 2015-17 & onward in compliance with the orders of the Controlling Authority vide letter No. S.O(Boards) 12-3/2014 dated 18-09-2015:

## SCHEME OF STUDIES FOR SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE EXAMIANTIONS UNDER PART SYSTEM FOR ACADEMIC SESSION 2015-17 & ONWARD

Punjab Boards Committee of Chairmen offer qualifications for both English and Urdu medium schools. The revived SSC Scheme of Studies issued by the Curriculum Wing will be implemented from Academic Session 2015-17 and onward. The practical in each subject will be conducted separately after completion of class 10th & 12th Examinations. The marks of practical would be counted with theory marks obtained by the candidates. (with reference of the Board Notification No. 2/2015 dated 28-09-2015) Accordingly, each SSC subject will be taught across both the Classes IX & X. The Science Group and Humanities Group subjects are offered at SSC level. The marks allocated to the subjects in the Revived Scheme of Studies are as follows:

## Science Group

| Sr.# | Subject | Part-I | Part-II | Practical |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Urdu – I (In lieu of Geography of Pakistan-I for Foreign Students Only. | 75 | 75 | |
| 2. | English – I | 75 | 75 | |
| 3. | Islamiyat Compulsory-I or Ethics-I (For Non-Muslims only) | 50 | 50 | |
| 4. | Pakistan Studies-I | 50 | 50 | |
| 5. | Mathematics-I | 75 | 75 | |
| 6. | Physics-I | 60 | 60 | 30 |
| 7. | Chemistry-I | 60 | 60 | 30 |
| 8. | Biology-I OR<br>Computer Science | 60<br>50 | 60<br>50 | 30<br>50 |
| | **Total Marks:** | | **1100** | |

Foreign students may opt GEOGRAPHY OF PAKISTAN in lieu of Urdu Compulsory subject to the approval of the Board.

Non-Muslim candidates can opt Ethics in lieu of Islamiyat Compulsory.

## HUMANITIES GROUP

| Sr.# | Subject | Part-I | Part-II | Practical |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Urdu – I (In lieu of Geography of Pakistan-I for Foreign Students Only) | 75 | 75 | |
| 2. | English – I | 75 | 75 | |
| 3. | Islamiyat Compulsory-I or Ethics-I (For Non-Muslims only) | 50 | 50 | |
| 4. | Pakistan Studies-I | 50 | 50 | |
| 5. | General Mathematics-I | 75 | 75 | |
| 6. | General Science | 75 | 75 | |
| 7. | Two elective subjects (From the list of Elective Subjects) OR | 75+75 | 75+75 | |
| | (In case of Elective Subjects with Practical) | 60 | 60 | 30 |
| | (In case of Technical Subjects) Two Technical Subjects OR | 40+40 | 40+40 | 140 |
| | One Elective Subject & One Technical Subject | 75<br>40 | 75<br>40 | 70 |
| | **Total Marks:** | **1100** | | |

## SCHEME OF STUDIES –SSC GRADES IX & X (HUMANITIES GROUP) ELECTIVE SUBJECTS

| | |
|---|---|
| 1. | Civics |
| 2. | Education |
| 3. | Economics |
| 4. | Elements of Home Economics |
| 5. | Physiology & Hygiene |
| 6. | Geography |
| 7. | Food & Nutrition |
| 8. | Clothing & Textile |
| 9. | Military Science |
| 10. | History of Pakistan |
| 11. | English Literature |
| 12. | Urdu Literature |
| 13. | Art & Model Drawing |
| 14. | Persian / Arabic / Punjabi / Saraiki |
| 15. | Advanced Islamic Studies |
| 16. | Health & Physical Education |
| 17. | Computer Science |
| 18. | Environmental Studies |
| 19. | *Muslim History |
| 20. | *History of Civilization |
| 21. | *Agriculture |
| 22. | *Secretarial Practice |
| 23. | *Business Studies |
| 24. | Commercial Geography |

* Subjects will be offered on the availability of the syllabus subject to the prior approval of the Board.

**Note:** (i) The recognized / affiliated institutions shall offer only those subjects to the candidates for which they are affiliated.

(ii) Only one language can be taken from the approved list of languages, languages given at Sr.No.14.

(iii) Not more than two Histories can be taken from the approved list of elective subjects.

(iv) Short Question of 02-Numbers on "Dengue" will be included in the Question Papers of Biology and General Science for 9th Class students.

(v) Short Question of 02-Numbers on "Terrorism" will be included in the Question Paper of Pakistan Studies for 9th Class students.

## TECHNICAL SUBJECTS

| | |
|---|---|
| 1. | Geometrical &Technical Drawing |
| 2. | Electrical Wiring |
| 3. | Wood Work (Furniture Making) |
| 4. | Repair & Maintenance of Domestic Refrigerator & Air Conditioner |
| 5. | Computer Hardware |
| 6. | Poultry Farming |
| 7. | Fish Farming |
| 8. | Dress Making and Fashion Designing |
| 9. | Beautician |

# DARS-E-NIZAMI GROUP

(Can be taken for examination with the written permission from Chairman of the Board)

| Sr.# | Subject | Part-I | Part-II |
|---|---|---|---|
| 1. | Urdu-I (In lieu Geography of Pakistan-I<br>for Foreign Students Only. | 75 | 75 |
| 2. | English-I | 75 | 75 |
| 3. | Seerat-un-Nabi, Peace Be Upon Him-I<br>(Alternative Islamiyat Compulsory)<br>Islamiyat Compulsory-II or Ethics-II<br>(for Non-Muslims) | 50 | 50 |
| 4. | Pakistan Studies-I<br>Pakistan Studies-II | 50 | 50 |
| 5. | General Mathematics-I<br>General Mathematics-II | 75 | 75 |
| 6. | General Science-I<br>General Science-II | 75 | 75 |
| 7. | Al-Quran-I<br>Al-Quran-II | 75 | 75 |
| 8. | Al-Hadith-I<br>Al-Hadith-II | 75 | 75 |
| | | **550** | **550** |
| | **Total Marks:** | **1100** | |

## SCHEME OF STUDIES FOR DEAF AND DUMB

| Sr.# | Subject | Theory | Practical |
|---|---|---|---|
| 1. | Urdu | 75 | |
| 2. | English | 75 | |
| 3. | Pakistan Studies | 50 | |
| 4. | Islamiyat Compulsory or Ethics (For Non-Muslims) | 50 | |
| 5. | Mathematics | 75 | |
| 6. | 3 Elective Subjects | 30+30+30 | 90+90+90 |
| | **Total Marks:** | **685** | |

## LIST OF ELECTIVE SUBJECTS FOR DEAF AND DUMB

| | |
|---|---|
| 1. | Tailoring |
| 2. | Embroidery |
| 3. | Type Writing |
| 4. | Carpet Making |
| 5. | Derry Saazi |
| 6. | Drawing |
| 7. | Baking |
| 8. | Hosiery |
| 9. | Computer Science |
| 10. | Physical Education |

2- اُمیدوار کے تعلیمی معیار (Learning Achivements) کو اس کے علم (Knowledge)، علم کی تفہیم (Comprehension)، علم کے اطلاق (Application) اور علم کے تجزیہ (Analysis) کی صلاحیتوں کی بنیاد پر جانچا جائے گا۔

3- سوالیہ پرچہ جات کے تین حصے ہونگے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

i- (a) حصہ معروضی 20% ہوگا جس کے سوالات کثیر الانتخاب (Multiple choice) او۔لیول امتحانات کی طرز (Pattern) پر ہونگے۔

(b) مختصر جوابات (Short Answers) کے متقاضی سوالات 50% ہونگے۔

(c) تفصیلی جوابات (Descriptive Answers) کے متقاضی سوالات 30% ہونگے۔

ii- حصہ معروضی کے تمام سوالات حل کرنا لازمی ہوں گے جبکہ پرچہ انشائیہ کے حصہ اول اور حصہ دوم دونوں میں 33% چوائس ہوگی۔

iii- یہ امر یقینی بنایا جائیگا کہ پرچوں میں کئے جانیوالے سوالات کتاب کے تمام ابواب کا احاطہ کرتے ہوں۔

4- معروضی قسم (Objective Type) کے سوالات کے جوابات (Bubble Sheet) پر دینے ہوں گے تاہم مختصر جوابات (Short Answers) اور تفصیلی جوابات (Descriptive Answers) منسلکہ جوابی کاپی پر حل کرنا ہوں گے۔

5- کسی امیدوار کو اجازت نہیں ہوگی کہ وہ اپنے ہمراہ (Objective Paper) کا کوئی سوال یا کسی سوال کا کوئی حصہ امتحانی مرکز سے باہر لے جائے۔

6- کسی بھی معروضی سوال (Objective Question) کے جواب میں کانٹ چھانٹ یا پہلے سے لکھے گئے جواب پر دوبارہ لکھا ہوا جواب غلط تصور ہوگا۔

7- جوابات لکھنے کے لیے صرف نیلی روشنائی کے استعمال کی اجازت ہوگی۔ کیلکولیٹر کے استعمال کی بھی اجازت ہوگی۔ بشرطیکہ خاص طور پر کسی حالت میں منع کیا گیا ہو، منی کمپیوٹر قسم کے کیلکولیٹر دوران امتحان رکھنے یا استعمال میں لانے کی اجازت نہ ہوگی۔

8- پارٹ I (جماعت نہم) میں داخلہ بورڈ کے منظور کردہ/جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہوگا۔

9- پارٹ I (جماعت نہم) اور پارٹ II (جماعت دہم) کے امتحانات کی تواریخ کا انعقاد ہر سال بورڈ کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق ہوگا۔

10- پارٹ I (جماعت نہم) کی رجسٹریشن/انرولمنٹ پارٹ II (جماعت دہم) کیلئے بھی کارآمد ہوگی۔

11- ریگولر امیدوار کے لئے ہر کلاس میں 75% حاضریاں پوری کرنی ہوں گی۔

12- پارٹ سسٹم کے تحت عملی اور تحریری امتحانات کا دورانیہ شائع شدہ سلیبس کے مطابق ہوگا۔

13- اگر کوئی امیدوار نامساعد حالات کی وجہ سے ریگولر تعلیم جاری نہیں رکھ سکتا تو وہ بطور پرئیویٹ امیدوار امتحان میں شامل ہوسکتا ہے۔

14- امیدوار کے داخلی تخمینہ کا گریڈ اداروں کی طرف سے پارٹ II (جماعت دہم) کے داخلہ فارم پر درج کیا جائے گا اور اس کا اندراج پارٹ II (جماعت دہم) امتحان کے سرٹیفکیٹ میں کیا جائے گا۔

15- جس امیدوار نے سالانہ امتحان کے لیے داخلہ فارم مع فیس جمع نہ کروائی ہو وہ امیدوار سپلیمنٹری امتحان میں نئے سرے سے (As a fresh candidate) امتحان دینے کا اہل نہیں ہوگا۔

16- پارٹ I (جماعت نہم) کا ضمنی امتحان نہیں لیا جائے گا۔

17- پرائیویٹ امیدواروں کو یہ اجازت ہوگی کہ وہ چاہیں تو صرف پارٹ I (جماعت نہم) کا امتحان دیں اور اگر چاہیں تو پارٹ I اور پارٹ II (جماعت نہم و دہم) کا امتحان ایک ساتھ دیں۔

18- اگر کوئی ریگولر امیدوار پارٹ I (جماعت نہم) میں شریک ہوتا ہے اور نامساعد حالات کی وجہ سے ریگولر تعلیم جاری نہیں رکھ سکتا تو وہ پارٹ II (جماعت دہم) میں بطور پرائیویٹ امیدوار شامل ہوسکتا ہے۔

19- اگر کوئی ادارہ نامساعد حالات کی وجہ سے پارٹ I (جماعت نہم) کے کسی امیدوار کا داخلہ فارم نہیں بھیج سکا تو ایسے امیدوار کو جماعت دہم میں ترقی دے دی جائے گی اور اس کا داخلہ پارٹ II (جماعت دہم / کمپوزٹ) میں حاضریاں پوری ہونے پر ارسال کرے گا اگر پارٹ II (جماعت دہم) میں نامساعد حالات کی بناء پر حاضریاں پوری نہ ہوتی ہوں تو اسے Detain کر کے اس کا داخلہ آئندہ سپلیمنٹری امتحان میں ارسال کرے گا۔

20- اگر کوئی امیدوار پارٹ I (جماعت نہم) کے امتحان میں نامساعد حالات کیوجہ سے شرکت نہ کر سکے یا

ادارہ اس کا داخلہ فارم کسی وجہ سے ارسال نہ کرے تو ایسے امیدوار کو پارٹ II (جماعت دہم) میں ترقی دے دی جائے گی اور اگلے سال اسے پارٹ I (جماعت نہم) اور پارٹ II (جماعت دہم) کا امتحان اکٹھا دینا ہوگا۔

21- پارٹ II (جماعت دہم) میں داخلہ فارم بھجوانے کے بعد نامساعد حالات کی وجہ سے امتحان میں شرکت نہ کرسکنے والے اور اپنا گریڈ / نمبر بہتر بنانے والے امیدواران آئندہ امتحان میں شرکت کر سکیں گے۔

22- کوئی بھی امیدوار کسی ایک بورڈ کے پارٹ I (جماعت نہم) کے امتحان میں شرکت کے بعد پارٹ II (جماعت دہم) اور پارٹ I (جماعت نہم) کے فیل شدہ مضمون / مضامین کا امتحان مروجہ قواعد وضوابط کے تحت کسی بھی دوسرے بورڈ میں دینے کا اہل ہوگا۔ لیکن یہ سہولت پورے تعلیمی دورانیہ (Academic Sessin) میں صرف ایک بار ہوگی اسی طرح سالانہ امتحان میں شرکت کے بعد تمام مضامین میں فیل ہونے والا امیدوار مائیگریشن کروا کر کسی بھی دوسرے بورڈ میں ضمنی امتحان میں شرکت کرسکتا ہے۔

23- جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کرنے والے طالب علم کا نتیجہ دو سال تک کارآمد ہوگا بشرطیکہ وہ اگلے سال پارٹ II (جماعت دہم) کے امتحان میں شریک نہ ہوا ہو۔

24- امیدوار کو امتحان پاس کرنے کے لیے ہر مضمون میں کم از کم 33% نمبر حاصل کرنا ہوں گے۔

25- پریکٹیکل اور تھیوری امتحان بیک وقت الگ الگ پاس کرنا ہوگا۔

26- گریڈ کا تناسب حسب ذیل ہوگا۔

| گریڈ | حاصل کردہ نمبر |
|---|---|
| A+ | 80% اور زائد |
| A | 70% اور زائد لیکن 80% سے کم |
| B | 60% اور زائد لیکن 70% سے کم |
| C | 50% اور زائد لیکن 60% سے کم |
| D | 40% اور زائد لیکن 50% سے کم |
| E | 40% سے کم از کم پاسنگ مارکس |

27- پارٹ I (جماعت نہم) کے امیدواران کو صرف نتیجہ کا اطلاع نامہ جاری کیا جائے گا۔ پارٹ I (جماعت نہم) اور پارٹ II (جماعت دہم) امتحانات کے مجموعی نمبروں کو ملا کر امیدواروں کو گریڈ دیئے جائیں گے۔

28- امیدوار کے حاصل کردہ نمبر اور اسکے گریڈ دونوں کا اندراج اس کے سرٹیفکیٹ پر کیا جائے گا۔

29- سیکنڈری سکول امتحان پاس کرنے کے لیے امیدوار کے پارٹ-I اور پارٹ-II کے مجموعی نمبروں کو ملا کر متعلقہ مضمون میں پاس یا فیل شمار کیا جائیگا۔ کوئی بھی امیدوار اگر زیادہ سے زیادہ دو مضامین میں فیل ہو تو اسے کمپارٹمنٹ دی جائے گی۔ دو سے زیادہ مضامین میں فیل ہونے والا امیدوار پورے امتحان یعنی پارٹ-I اور پارٹ-II میں مکمل طور پر فیل تصور ہوگا۔ کمپارٹمنٹ کے مضمون / مضامین کو پاس کرنے کے لیے اگلے فوری تین امتحانی مواقع دیئے جائیں گے۔ اس شق کے تحت ہر امیدوار کو پارٹ-I اور پارٹ-II کے امتحانات میں ایک ساتھ شریک ہونا ہوگا۔ تاہم اگر کوئی امیدوار کسی مضمون کے کسی پارٹ میں غیر حاضر رہتا ہے اور دوسرے پارٹ میں وہ اتنے نمبر حاصل کر لیتا ہے کہ اس کے حاصل کردہ نمبر اس مضمون کے دونوں پارٹس کے پاس مارکس کے مجموعہ کے برابر یا زیادہ بھی ہو جائیں تو پھر بھی اس کو اس مضمون میں پاس نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ کسی ایک پارٹ میں غیر حاضر رہنے کی بنا پر دوسرے پارٹ میں اس نے کوئی نمبر حاصل نہیں کیا اس لیے غیر حاضر پارٹ کو دوسرے پارٹ کے حاصل کردہ نمبروں کے ساتھ ملایا نہیں جا سکتا لہٰذا اس کو اس پارٹ میں فیل کر دیا جائے گا جس میں کہ وہ غیر حاضر رہا اور اس کو فیل شدہ مضمون / مضامین جن میں وہ غیر حاضر رہا تھا پاس کرنے کیلئے قواعد کے مطابق امتحانی موقع / مواقع دیئے جائیں گے۔

30- پارٹ II کا نتیجہ مرتب کرتے وقت امیدواران کو مجموعی طور پر پارٹ-I اور پارٹ-II کے امتحان پاس کرنے کیلئے کل نمبروں کے ایک فیصد تک رعائتی نمبر دیئے جائیں گے۔ پارٹ I کا نتیجہ مرتب کرتے وقت کوئی رعائتی نمبر نہیں دیئے جائیں گے تاہم اگر کوئی امیدوار رعائتی نمبر نہیں لینا چاہتا تو اس کے لیے ایک موقع ہوگا کہ وہ اگلے امتحان کے داخلہ فارم جمع کروانے کے شیڈول کے اندر اندر اشٹام پیپر پر کسی تعلیمی ادارے کے سربراہ کا اس امر کا تصدیق شدہ حلف نامہ مہیا کرے گا کہ اسے گریس والے م

مضمون/مضامین میں فیل کر دیا جائے نیز یہ کہ اس نے گریس مارکس والے رزلٹ کارڈ پر نہ تو کسی کالج میں داخلہ لیا ہے اور نہ ہی کوئی ملازمت کی ہے نیز یہ کہ آئندہ وہ گریس مارکس والا نتیجہ واپس نہیں مانگے گا۔اس حلف نامہ کے پیش نظر امیدوار کو فیل کر کے فیل شدہ مضمون/مضامین میں دوبارہ امتحان دینے کی اجازت دے دی جائے گی بشرطیکہ امیدوار کے کمپارٹمنٹ والے موقع/مواقع باقی ہوں۔

31- پارٹ I (جماعت نہم) کے ایسے امیدواران جن کو ناجائز ذرائع استعمال کرنے پر ایک یا ایک سے زیادہ امتحانات کے لیے نااہل قرار دیا گیا ہوگا۔ وہ سزا ختم ہونے کے بعد آئندہ سالانہ امتحان میں پارٹ I اور پارٹ II (جماعت نہم ودہم) کا امتحان اکٹھا دینے کے اہل ہوں گے۔ پارٹ II (جماعت دہم) کے امتحان میں ناجائز ذرائع کے استعمال کرنے پر امیدوار کو مروجہ قوانین کے تحت نمٹایا جائے گا۔

32- میٹرک (جماعت دہم) کا امتحان پاس کرنے کے بعد ڈویژن یا گریڈ یا نمبر بہتر بنانے کیلئے دو سال کے اندر اندر امیدوار کو موجود نصاب میں انہیں مضامین / گروپ میں (جس میں امیدوار نے امتحان پاس کیا ہو) صرف ایک موقع دیا جائے گا۔ یہ امیدوار کی مرضی ہوگی کہ وہ پارٹ-I یا پارٹ-II یا دونوں پارٹ یا پھر کسی بھی مضمون/مضامین میں نمبر بہتر بنانے کے لیے امتحان دے۔ نمبر بہتر بنانے پر امیدوار کو نیا رزلٹ کارڈ جاری کیا جائے گا اور نمبر بہتر نہ بننے پر پرانا نتیجہ ہی بحال رہے گا۔ ایسے امیدواران جو کسی مضمون/مضامین میں بہتر نمبروں کے حصول کیلئے امتحان دیتے ہیں وہ گریس مارکس کے حاصل شدہ مضمون/مضامین کا امتحان بھی بیک وقت انکے ساتھ دیں گے۔ گریس مارکس کے حاصل شدہ مضمون/مضامین میں کامیابی حاصل نہ کرنے کی صورت میں اگر دوسرے مضمون/مضامین میں ان کو بہتر نمبروں کے حصول میں کامیابی ہو جاتی ہے تو بھی ان کا رزلٹ (Marks Not Improved) شائع کیا جائے گا۔ مزید برآں ایسے امیدوار کو کسی قسم کے رعائتی نمبر نہیں دیئے جائیں گے اور نہ ہی وہ سکالرشپ کا مستحق ہوگا۔

33- گریڈ یا نمبر بہتر بنانے کے لئے سیکنڈری سکول کا امتحان امیدوار صرف اسی بورڈ میں دے سکے گا جس بورڈ سے اس نے سیکنڈری سکول امتحان پاس کر کے سند حاصل کی ہوگی۔

34- اگر امیدوار گریڈ یا نمبر بہتر بنانے کے لئے داخلہ بھیجتا ہے مگر کسی وجہ سے امتحان میں شامل نہیں ہو سکتا تو اس کا نمبر بہتر بنانے کا موقع (Chance) برقرار رہے گا بشرطیکہ دو سال کے اندر اندر ہو۔ کوئی بھی امیدوار پارٹ I کا نتیجہ چھوڑنے (Forgo) کے بعد پارٹ I اور پارٹ II کا امتحان اکٹھا دے سکتا ہے مگر ایسے امیدوار کو امتحان پاس کرنے کے بعد نمبر بہتر بنانے کا چانس نہیں ملے گا۔

35- امیدوار سیکنڈری سکول امتحان پاس کرنے کے بعد کسی بھی ایسے مضمون / مضامین میں بطور اضافی مضمون / مضامین امتحان دینے کا اہل ہے جس میں اس نے سیکنڈری سکول کا امتحان نہ دیا ہو۔ ایسے امیدواران رعائتی نمبروں کے مستحق نہ ہونگے۔

36- ایسے امیدوار جنھوں نے بورڈ سے ادیب، عالم فاضل (علوم شرقیہ) یا کوئی مساوی امتحان پاس کیا ہو وہ کسی بھی امتحانی سیشن میں سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ کے امتحان میں درج ذیل طریق سے امتحان میں شرکت کے اہل ہوں گے اور انھیں پارٹ I (جماعت نہم) اور پارٹ II (جماعت دہم) کا امتحان اکٹھا دینا ہوگا۔
انگریزی، مطالعہ پاکستان، ریاضی اور آرٹس گروپ کا ایک مضمون (مگر وہ زبان نہ ہو) ایسے امیدواروں کو امتحان پاس کرنے پر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سطح کی سند جاری کی جائے گی اور ان کے گریڈ کا فیصلہ حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر گریڈیشن رولز کے تحت کیا جائے گا۔ مذکورہ امیدواران کا نتیجہ مرتب کرتے وقت کل نمبروں کا ایک فیصد رعائتی نمبر دیئے جائیں گے۔ اور انہیں بورڈ رول کے مطابق مارکس امپرو کی سہولت حاصل ہوگی۔

37- ایسے امیدواران جنہوں نے کسی بھی تنظیم / وفاق / رابطہ وغیرہ سے / شہادت ثانویہ / عامہ / خاصہ وغیرہ کا امتحان پاس کیا ہو اور ان کی سند متعلقہ تنظیم / وفاق / رابطہ وغیرہ سے تصدیق شدہ ہو تو وہ اردو، انگریزی اور مطالعہ پاکستان کے مضامین کا امتحان کسی بھی امتحانی سیشن میں اکٹھا (ایک ہی نشست میں) پاس کرنے کے اہل ہونگے اور انہیں اس کی سند جاری کی جائے گی مذکورہ امیدواران کا نتیجہ مرتب کرتے وقت کل نمبروں کا ایک فیصد رعائتی نمبر دیئے جائیں گے۔ اور انہیں بورڈ رول کے مطابق مارکس امپرو کی سہولت حاصل ہوگی۔

38- بورڈ قوائد کے مطابق درج ذیل(Category) کے امتحان کے کسی بھی امیدوار کواردو لازمی کی بجائے جغرافیہ پاکستان میں امتحان دینے کی اجازت دی جاسکتی ہے بشرطیکہ وہ:۔

(الف) غیر ملکی طلباء/ طالبات یا ایسے پاکستانی طلباء/ طالبات جنھوں نے غیر ملکی شہریت حاصل کی ہو یا ایسے پاکستانی طلباء/ طالبات جنھیں بیرون ملک سیکنڈری سکول امتحان کی سطح تک اردو پڑھنے کی سہولت میسر نہ آئی ہو۔

(ب) ایسے پاکستانی طلباء/ طالبات جو امتحان کے انعقاد سے تین سال قبل مسلسل بیرون ملک مقیم رہے اور انھیں بیرون ملک سیکنڈری سکول کی سطح پر اردو پڑھنے کی سہولت میسر نہ آئی ہو۔

39- سیکنڈری سکول کے کسی بھی مضمون کا حتمی نتیجہ (پاس یا فیل) کا تعین جماعت نہم و دہم کے امتحان کے مجموعی نمبروں کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ جماعت نہم امتحان میں %33 فیصد سے کم نمبروں والے مضمون / مضامین میں اگر کوئی امیدوار جماعت دہم کے ساتھ دینا چاہے تو اسے اس کی اجازت ہوگی بصورت دیگران کا نتیجہ جماعت نہم کے مذکورہ مضمون/ مضامین کے سابقہ حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر مرتب کیا جائے گا۔ جماعت نہم اور دہم کو ایک ہی امتحان تصور کیا جائیگا اور امیدوار کی اس امتحان کے تمام مضامین میں شرکت اس کے الاٹ شدہ امتحانی مرکز میں حاضر ہونے پر مشروط ہوگی۔ بیماری یا دیگر کسی بھی وجہ سے کوئی اضافی موقع نہیں دیا جائیگا اور امتحانی مرکز سے غیر حاضری تصور کی جائے گی۔

40- جماعت نہم کے پاس/ %33 سے کم نمبر حاص کرنے والے امیدواران اپنا رزلٹ کینسل کرواکر دوبارہ جماعت نہم کا امتحان دے سکتے ہیں ایسے امیدواران کو اپنا مضمون/ مضامین/ گروپ بھی تبدیل کرنے کی اجازت ہوگی رزلٹ کینسل کروانے والے امیدواران کی پہلے والی رجسٹریشن بحال رہیگی۔ تاہم ریگولرامیدواران کیلئے ضروری ہے کہ وہ جماعت نہم کے رزلٹ (RESULT) کی اشاعت کے 30-ایام کے اندر اپنا رزلٹ/ نتیجہ منسوخ / کینسل کروائیں جبکہ پرائیویٹ امیدواران امتحان میں شرکت کیلئے داخلہ فارم جمع کروانے سے پہلے اپنا سابقہ رزلٹ کینسل کروانے کے پابند ہوں گے۔

41- ایسے اُمیدوار جو O-A Level / ثانویہ عامہ / ثانویہ خاصہ وغیرہ کا امتحان پاس کرنے کے

بعد IBCC کی طرف سے جاری کردہ لیٹر کے مطابق ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان پاس کرنے کے بعد بورڈ قانون کے مطابق نمبر بہتر / گریڈ بہتر بنانے کیلیے دو سال کے اندر ایک موقع حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید براں ایسے امیدواران کو کسی بھی قسم کے رعائتی نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔